COPY 1

بسم الله الرحمن الرحيم
نحمده ونصلي على رسوله الكريم

AHMADIYYA GAZETTE
Canada

15 Thorncliffe Park Drive, Suite # 311, Toronto
Ontario, Canada. M4H 1H6. Ph: (416) 424-4244.

Editor: Syed Mansur A. Bashir * Dec. 79.* Sub Editor: M. Yusuf Khan

ISLAM MEANS PEACE

On Making Peace between People

Allah, the Exalted, has said:

Most of their conferrings together are devoid of good, except such as enjoin charity, or the promotion of public welfare or of public peace (4.115).

Reconciliation is best (4.129).

Be mindful of your duty to Allah and try to promote accord between yourselves (8.2).

All believers are brothers: so make peace between your brothers (49.11).

Abu Hurairah relates that the Holy Prophet said: Charity is incumbent upon every human limb every day on which the sun rises. To bring about just reconciliation between two contestants is charity. Helping a person to mount his animal, or to load his baggage on to it is charity. A good word is charity. Every step taken towards the mosque for *salat* is charity. To remove anything from the street that causes inconvenience is charity (Bokhari and Muslim).

Umm Kulthum relates that she heard the Holy Prophet say: He who brings about peace between people and attains good or says that which is good is not a liar (Bokhari and Muslim). Muslim's version adds: I did not hear him let people have a latitude in what they said except in three situations: war, making peace, and talk between husband and wife.

Ayesha relates that the Holy Prophet heard two men contending with one another in loud voices outside his door. One of them begged the other to agree to reduce the amount of the debt he owed him and to deal kindly with him. The other said: By Allah, I shall not do it. The Holy Prophet went out to them and asked: Which is the one who swears by Allah he will not act kindly? The man said: It is I, Messenger of Allah, and for him is whatever he prefers (Bokhari and Muslim).

COLLECTIVE FASTING

AS PER SPIRITUAL PROGRAMME OF AHMADIYYA CENTENNARY SCHEME OUR BELOVED IMAM HAS DIRECTED EVERY AHMADI TO FAST EVERY MONTH ON ITS LAST MONDAY OR THURSDAY.

31ST DECEMBER 1979 BEING THE LAST MONDAY OF DECEMBER IS THEREFORE HAS BEEN FIXED FOR ALL AHMADI MEMBERS OF CANADA JAMAAT. WE ALL SHOULD KEEP FAST ON THIS DAY COLLECTIVELY AND PRAY FOR THE SPREAD OF ISLAM AND AHMADIYYAT IN THE WHOLE WORLD.

THE REGIONAL PRESIDENTS ARE REQUESTED TO STRESS FOR THIS AND MENTION THE SAME IN THEIR MONTHLY ECTIVITY REPORTS.

Shroud of Turin looks genuine, scientist says

WOONSOCKET, R.I. (AP) — A scientist who led the team that investigated the Shroud of Turin last year says evidence so far indicates the linen did in fact wrap the crucified body of Jesus Christ.

"We all thought that we'd find it was a forgery and would be packing up our bags in a half hour," said Thomas D'Muhala, president of Nuclear Technologies Corp. of Amston, Conn.

"Instead, all of us who were there, at least all those I talked to, are convinced that the burden of proof has shifted. The burden is now on the skeptic."

Mr. D'Muhala said mounting circumstantial evidence suggests the three-dimensional image on the cloth is that of Jesus and was "projected" on the surface, perhaps by a burst of some kind of radiation emanating from all parts of the body in a two-thousandths-of-a-second flash.

Forty scientists went to Italy on Oct. 8, 1978, for six days of tests on the shroud, which is locked in a silver casket by three different keys and stored in a crypt behind the main altar of the Turin cathedral.

The Roman Catholic Church, which has never taken an official stand on the origin of the relic, agreed to the tests providing they were not harmful to the linen.

Mr. D'Muhala said the scientists determined the man depicted on the cloth had been crucified, suffered a deep and bloody wound on his side, endured 120 lashes and numerous deep wounds around the head. Those wounds would correspond to the biblical account of the torture endured by Christ, he said.

Mr. D'Muhala, who spoke at the Woonsocket chapter of the Full Gospel Businessmen's Fellowship, said scientists who conducted the tests were guaranteed the right to be the first to release the results of their own experiments in scientific journals.



Physics winners Sheldon Glashow, left, Abdus Salam and Steven Weinberg wait before receiving their Nobel prizes.

Toronto MONTHLY MEETING

PLACE....................EARL HAIG SECONDARY SCHOOL
100, PRINCESS AVE., WILLOWDALE

TIME ....2.00 TO 5.00 P.M.

DATE ....6TH JANUARY 1980

REFRESHMENTS WILL BE SERVED AFTER THE MEETING

THANKS TO OUR BROTHERS AND SISTERS

Our brother Basharat Khan (Mississauga), Jamil Saeed (Acton) and Mohammad Saeed (Montreal) and our sisters Tahira Sheikh (Bramalea) and Farzana Malik (Ottawa) have helped in producing this issue of the Gazette.

We express our thanks and gratitude to all of them. May Allah reward them abundently.

YOU ARE THE BEST PEOPLE RAISED FOR THE GOOD OF MANKIND (Holy Quran 3:111) كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ

We are publishing two letters- one from a famous Canadian University Library and the other from Attorney General of Ontario province to show our members the keenness, the world is showing towards Islam and its teachings. Some of our devout borthers / sisters and are already busy and doing their utmost to quench their spiritual thirst and sending the indviduals as well as different institutions the Quranic translations and the Islamic literature produced by our Jamaat.

Dear brothers! you are appealed to realise the gravity of the situation and do your best to save the world from this moral and spirituall draught. Being the members of Ahmadiyya Jamaat you have been appointed and raised for this very purpose. To do this sacred job is just to fulfil our basic and most important duty. According to the above Quranic verse we have been created to benefit others and live for their sake

LAURENTIAN UNIVERSITY UNIVERSITÉ LAURENTIENNE

SUDBURY, ONTARIO, CANADA
P3E 2C6
THE LIBRARY - LA BIBLIOTHEQUE

ACQUISITIONS (SERIALS)
ACQUISITIONS (PERIODIQUES)

December 5, 1979

Mansur A. Bashir
15 Thorncliffe Park Drive
311 Toronto, Ontario
M4H 1H6

Gentlemen:

Your publication the Light is sent by you as a gift. Our Library is interested in a complete collection. At the moment, we are lacking volume 2 number 2 of the year 1979 to date.

If it is possible we would be grateful to receive these missing issues. Please keep us on your mailing list.

Thanking you in advance, we remain

Yours very sincerely,

Su Vongpaisal
Acquisitions (Serials)
Librarian

SV/mg

ONTARIO
ATTORNEY GENERAL

November 22, 1979

Mrs. Alia Ahmad
15 Thorncliffe Park Drive
Apt. #311
Toronto, Ontario
M4H 1H6

Dear Mr. Ahmad:

I wish to acknowledge receipt of the book "Ahmadiyyat: The Renaissance of Islam" by Muhammad Zafrulla Khan.

I wish to thank you most sincerely for your gift and I look forward to an opportunity in the very near future to reading this most interesting work.

Yours truly,

R. Roy McMurtry
Attorney General

CANADA MISSION NEWS

TABLIGH MEETING

A Tabligh meeting was arranged on the 1st Sunday of Dec. 79 in our Toronto Chapter with the efforts of Br. Mustafa Sabit wherein the learned Scholar Mr. Ed Lindeblade representing the Christian sect of CHRISTADELPHIANS was the guest speaker. This sect is the only sect of Christianity who believe in the Oneness of God, & take interest to propogate it to others.

In his speech the learned speaker emphasised that their sect does not like and believe in the present changed beliefs of the Christians but firmly believes and acts upon the original and real teaching of Christianity and thus they believe in the unity of God.

Our Ahmadi brothers and sisters listened attentively one hour long lecture of the guest speaker and as well asked numerous questions in the question period of almost an hour long. Although the guest speaker had endeavoured to answer all the questions but due to the paucity of time, a few questions still remained unanswered.

Tea with biscuits and "Samosahs" were served to the gathering present.

FELICITATIONS

Our Montreal Chapter sent a congratulatory telegram to Prof. Doctor Abdus-Salam on his being awarded the NOBLE Prize in the field of Physics. Following is the text of their telegram:

Professor Dr. A. Salam, 8 Campion Road, London SW-15.

Heartiest congratulations on the NOBLE Award. May Allah always shower His choicest blessings on you.

Secretary Jamaat Ahmadiyya, Montreal Chapter.

PRAYER CENTERS

In our different Chapters, daily/weekly prayer Centers have been functioning at the residence of following brothers:

1. Brs. Munawar Ahmad Butt (Scarboro) 2. Syed Sharif Ahmad (Scarboro) Sheikh Nisar Ahmad (Scarboro) 4. Mission house, Toronto 5. Mission House Calgary..6. Mirza Irshad Ahmad (Saskatoon) 7. Br. Mohammad Saeed (Montreal) 8, Dr. Ijaz Ahmad Qamar (Winnipeg) 9. Agha LutfulmMannan (St. Catherine) 9. Ch. Nasrullah (Vancouver) 10. Ch.Idris Shaheen (Vancouver) 11. Ch. Maqbool Ahmad (Edminton) 12. Ch. Mohammad Abdullah (Brantford)

GREA All Ahmadi brothers should participate and derive benefits from these Centers.

GREAT PLAN OF DISTRIBUTION OF HOLY QURAN

TheThe National Exec. Comm of Canada, in a special meeting held for the purpose, have decided to implement a magnificant scheme for the distribution of Holy Quran.

Our National President, in this connection, has also mailed a special letter to all Ahmadi brothers requesting them to reply with their pledge as to how many

copies of Holy Quran he would purchase and distribute out of 10 lac of copies scheduled to be distributed in the whole of North America.

Our regional Presidents have also been requested to contact our members to obtain their pledges and forward the list latest by 15 Dec. 1979. Thereafter, a meeting of the Regional Presidents will be arranged to make a success of this great plan and to devise ways and means to achieve the laid down target.

PROCLAMATION OF TAHRIK-E-JADID NEW YEAR

Hazrat Khalifatul Masih III, Ayyadahullaho Taala has proclaimed the commencement of the new year of Tahrik-e-Jadid (from 1st Nov. 1979 to 31st Oct. 1980) and has laid down the target of Rs. 15 lacs (approx. 2lac dollars) for the ensuing year.

Hazrat Mosleh Maood (Allah be praised with him) had asked every earning member to donate one fifth of his monthly salary as his Chandah Tahrik-e-Jadid for the year. Likewise our holy Imam has also urged every woman and the child to participate in this scheme whole heartedly. We all should endeavour to do our best in this field.

NEW BOOKS

Three new books have been received in our mission and are listed hereunder

1. JESUS IN INDIA BY THE PROMISED MESSIAH (Peace be on him) $ 2.00
2. Consumption of Pork and Human diseases $ 00.75
3. Punishment of Apostacy in Islam $ 1.00

Members shoulsd purchase these books for self and for distribution as well.

PARTICIPANTS OF ANNUAL JALSA (RABWAH)

1. Br. Mustafa Sabet (Bramalea Jamaat) 2. Br. Ch. Mohammad Yunas(Edminton)
3. Br. Habibur Rahman Hafez Zadeh with family (Brantford Jamaat)
4. Sis. Mrs. Munawar Ahmad Butt (Scarborough Jamaat)
5. Mother Abdul Mannan Qureshi and 6. Mrs. Hamid Saeed of Montreal Jamaat
7. Family and Mother of Qazi Mubarak Ahmad 8. Ch. Rahmat Ali (Calgary Jamaat)
9. Br. Ch. Ihsan Elahi with family (Saskatoon Jamaat)
10. Br. Ch. Mohammad Akram with family (Edminton Jamaat)
11 Br. Ch. Maqbool Ahmad with family ((" ")

May they go and come back safely and acquire the blessings of Jalsa fully.

"I SHALL GIVE YOU A LARGE PARTY OF ISLAM."

REVELATION OF THE PROMISED MESSIAH

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ماہنامہ احمدیہ گزٹ
ٹورانٹو کینیڈا

ایڈیٹر: سید منصور احمد بشیر — فتح ۱۳۵۸ ہش — دسمبر ۱۹۷۹ء — نائب ایڈیٹر: خلیل احمد

آئندہ دس سال کے اندر اندر

ہر بچہ قاعدہ یسرنا القرآن جانتا ہو	قرآن ناظرہ جاننے والے ترجمہ اور تفسیر سیکھیں	ہر بچہ کم از کم میٹرک ضرور پاس کرے	احمدی اسلامی اخلاق کی حسین تعلیم پر قائم ہوں

غلبۂ اسلام کی صدی کے استقبال کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ کی طرف سے ایک خاص پروگرام کا اعلان

سچے مومن کی نو قرآنی صفات اپنے اندر پیدا کرنے کی نہایت پُراثر تلقین

انصار اللہ کے ۲۲ ویں سالانہ اجتماع کے اختتامی اجلاس سے حضور کا ولولہ انگیز اور ایمان افروز خطاب

ربوہ ۲۰ اخاء / اکتوبر۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے غلبۂ اسلام کی صدی کے استقبال کے لئے جس کے شروع ہونے میں صرف دس سال باقی رہ گئے ایک نہایت اہم اور تاریخی پروگرام کا اعلان فرمایا ہے۔ یہ پروگرام علوم روحانی سے بہرہ ور ہونے، علوم دنیوی حاصل کرنے اور اسلام کی اخلاقی تعلیم پر عمل کرنے کا پروگرام ہے جس پر آئندہ دس سال کے دوران عمل ہوگا۔ اس کے مطابق حضور نے ارشاد فرمایا ہے کہ بلا استثنا ہر احمدی بچہ قاعدہ یسرنا القرآن پڑھے۔ جو احباب قرآن کریم ناظرہ جانتے ہیں وہ ترجمہ سیکھیں اور جو ترجمہ جانتے ہیں وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیان فرمودہ وہ تفسیر سیکھیں جو خود اللہ تعالیٰ نے نبی پاک کو سکھائی، اور وہ تفسیر بھی سیکھیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ نور اور بصیرت و معرفت کے زیر سایہ خود کی۔ اس کے علاوہ ہر احمدی بچہ کم از کم میٹرک ضرور پاس کرے اور غیر معمولی ذہانت اور اعلیٰ صلاحیتوں کے حامل طلباء کو ان کی صلاحیتوں کے مطابق مزید اعلیٰ تعلیم دلانا جماعت کی ذمہ داری ہوگی۔ اس پروگرام کی آخری شق حضور نے یہ بیان فرمائی کہ سب احمدی اسلام کی حسین اخلاقی تعلیم پر قائم ہوں۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے یہ پُرشوکت اور ولولہ انگیز اعلان آج یہاں دوپہر کو مجلس انصار اللہ کے ۲۲ ویں سالانہ اجتماع کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔

حضور ایدہ اللہ نے اپنے خطاب کا آغاز سورۂ انفال کی پانچویں آیت کی پُرحکمت تفسیر سے کیا اور اس سے استنباط کرتے ہوئے سچے مومنوں کی نو صفات بیان کیں اور فرمایا کہ جب ہم ان آیات پر غور کرتے ہیں اور یہ صفات اپنے سامنے رکھتے ہیں تو ہمارے سامنے جماعت احمدیہ کا اور اس کی ذیلی تنظیموں کا یہ پروگرام آجاتا ہے جس کا میں ابھی اعلان کروں گا۔ حضور نے فرمایا کہ اس اعلان سے قبل میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہماری جماعتی زندگی کے سو سال پورے ہونے میں قریباً دس سال باقی ہیں اور میرے اس پروگرام کا تعلق انہی دس سالوں سے ہے۔

حضور نے اپنے تاریخی پروگرام کی شق وار وضاحت کرتے ہوئے فرمایا کہ اس پروگرام کا پہلا حصہ علوم روحانی کا سیکھنا ہے۔ اس کے لئے ہر احمدی بچہ خواہ وہ شہر میں رہنے والا ہو یا دیہات میں، خواہ وہ بڑی جماعتوں کا طفل ہو، خواہ وہ ایسے خاندان سے تعلق رکھنے والا ہو جہاں پر ایک ہی خاندان احمدی ہو اسے جتنی جلدی ممکن ہو سکے قاعدہ یسرنا القرآن پڑھا دیا جائے۔

حضور نے اس پروگرام کی دوسری شق بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ عمر کے لحاظ سے ہر طفل، ہر خادم، ہر نیا احمدی، ہر پرانا غافل احمدی قرآن کریم کا ترجمہ سیکھنے کی طرف متوجہ ہو اور اس پروگرام کے اس حصے کی تیسری شق یہ بیان فرمائی کہ جو افراد قرآن کریم کا ترجمہ جانتے ہیں وہ قرآن کریم کے معانی کی تفسیر پڑھنے کی طرف متوجہ ہوں۔ حضور نے فرمایا کہ جب ہم نے یہ کہا ہے کہ ایک سچا مومن اللہ تعالیٰ کی کامل اطاعت کرتا ہے تو جو شخص یہ جانتا ہی نہیں کہ اللہ تعالیٰ کیا حکم دیتا ہے وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کیسے کر سکے گا۔ حضور نے فرمایا کہ قرآن کریم کی تفسیر سیکھنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ معلم حقیقی اللہ تعالیٰ نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو تفسیر خود سکھائی ہمیں اس کا علم ہو۔ اس لئے جماعت احمدیہ میں کثرت سے ایسے لوگ ہونے چاہئیں جو آئی کتب حدیث

(بقیہ صفحہ ۱۶)

اجتماعی نفلی روزہ

صد سالہ احمدیہ جوبلی سکیم کے روحانی پروگرام کے ضمن میں حضور کا ارشاد ہے کہ ہر احمدی ہر مہینے کے آخری سوموار یا جمعرات کو روزہ رکھے۔

کینیڈا کے تمام احباب ۳۱ دسمبر ۱۹۷۹ء بروز سوموار یہ نفلی روزہ اجتماعی طور پر رکھیں۔ صدر صاحبان بھی اپنی جماعتوں میں یہ خصوصی تحریک فرما دیں۔ جزاکم اللہ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلسہ یوم پیشوایان مذاہب

- جماعت احمدیہ کیلگری کی طرف سے یونیورسٹی آف کیلگری میں جلسہ یوم پیشوایان مذاہب کا انعقاد
- حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کا اس موقعہ پر خصوصی دعائیہ برقی پیغام
- "جلسہ یوم پیشوایان مذاہب" کے موقعہ پر چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب کا کیلگری (کینیڈا) میں ورود مسعود
- چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب کی آمد سے کیلگری میں اسلام اور احمدیت کا زبردست چرچا - اخبارات، ٹیلیویژن، ریڈیو کے ذریعہ جماعت احمدیہ کا عظیم تعارف
- یونیورسٹی آف کیلگری کی درخواست پر چوہدری ظفر اللہ خان صاحب کی پُر مغز تقاریر بعنوان "اسلام اور اس کا پیغام" اور "انٹرنیشنل کورٹ آف جسٹس اور اس کا طریق کار"
- جلسہ میں اعلیٰ سیاسی، علمی اور مذہبی اداروں کے نمائندگان کی شرکت، پاکستانی - ہندوستانی - مصری اور عراقی لوگوں کے علاوہ ۷۰ کینیڈین کی شمولیت
- جماعت احمدیہ کیلگری کی طرف سے چوہدری صاحب کے اعزاز میں پیلس ہوٹل میں عشائیہ جس میں کیلگری کے میئر مسٹر راس الجبر اور دیگر شہری زعماء کی شرکت

مرتبہ چوہدری عبد الباری احمدی قائد مجلس خدام الاحمدیہ - کیلگری (کینیڈا)

جماعت احمدیہ کیلگری 75 نفوس پر مشتمل ہے - میدان عمل میں کینیڈا کی دیگر بڑی جماعتوں سے آگے قدم بڑھانے کا عزم رکھتی ہے - جب سے کینیڈا میں علم انعامی کا طریق رائج کیا گیا ہے یہ اعزاز کیلگری جماعت کو حاصل ہے اور اس وقت دین کے لئے بے لوث جذبہ رکھنے کی بدولت ایک مثالی جماعت ہے -

جماعت احمدیہ کیلگری کی مجلس عاملہ نے ماہ اگست ۱۹۷۹ء میں یہ فیصلہ کیا کہ اکتوبر کے وسط میں جلسہ "یوم پیشوایان مذاہب" منایا جائے - اس مقصد کے تحت تمام سرگرمیاں شروع کر دی گئیں - الحمد للہ - جماعت کے پریذیڈنٹ صاحب اور دیگر دوستوں نے ہر طرح سے تعاون کیا اور بفضل خدا بہت اچھے نتائج برآمد ہوئے -

ماہ ستمبر ۱۹۷۹ء میں پریزیڈنٹ صاحب جماعت احمدیہ کیلگری محترم راجہ باسط احمد صاحب نے چوہدری ظفراللہ خان صاحب کی خدمت میں جلسہ کی صدارت کے لئے درخواست کی جسے چوہدری صاحب نے بخوشی قبول فرمایا۔ اس کے بعد کینیڈا کی تمام جماعتوں اور دیگر سیاسی، علمی اور مذہبی اداروں سے رابطہ قائم کیا گیا اور ان کو دعوت نامے کے ساتھ ایک لیف لٹ ارسال کیا گیا جس میں جماعت احمدیہ کا مختصر تعارف تھا

ہال کے سلسلہ میں پریزیڈنٹ صاحب اور خاکسار کو کافی محنت کرنا پڑی۔ ماہ اکتوبر میں شہر کے تمام ہال بک ہو چکے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا اور ہمیں کیلگری یونیورسٹی ہال اس موقعہ کے لئے ملا جو ہر طرح سے بہترین جگہ ثابت ہوئی۔ جلسہ سے قبل تمام مہمان USA اور کینیڈا کے دور دراز علاقوں سے بخیریت کیلگری پہنچ گئے۔

۱۶ر اکتوبر ۱۹۷۹ء کیلگری جماعت کے لئے ایک اہم دن تھا جب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ایک صحابی اور جماعت احمدیہ کے روشن ستارے چوہدری سر محمد ظفراللہ خان صاحب انگلینڈ سے کیلگری تشریف لائے۔ جملہ افراد جماعت نے ائیرپورٹ پر اھلاً سھلاً کہہ کر آپ کا استقبال کیا۔ چھ بجے شام یونیورسٹی میں پروگرام تھا۔ وقت مقررہ پر آپ یونیورسٹی کے میکیاون ہال پہنچے جہاں مقامی اخبار "ڈیلی البرٹن" کا نمائندہ انٹرویو کے لئے منتظر تھا۔ بعد ازاں جملہ معزز مقررین کا چوہدری صاحب سے تعارف کرایا گیا۔

مندرجہ ذیل اصحاب نے اپنے مذہب کے موضوع پر تقریر کی۔

۱. ڈاکٹر فریڈمین — (پروفیسر یونیورسٹی آف کیلگری) — تقریر بعنوان "یہودیت یا جیوازم"
۲. ڈاکٹر پیٹر کریگی — (ڈین یونیورسٹی آف کیلگری) — تقریر بعنوان "عیسائیت"
۳. ڈاکٹر سود — (پروفیسر یونیورسٹی آف کیلگری) — تقریر بعنوان "ہندوازم اور کرشنا"
۴. مولانا عطاءاللہ کلیم (آپ جماعت احمدیہ کینیڈا کے ویسٹ کوسٹ میں مبشر ہیں) تقریر بعنوان "حیات طیبہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم"
۵. ڈاکٹر لیزلی کواموا (پروفیسر یونیورسٹی آف کیلگری) — تقریر بعنوان "بُدھ مت"
۶. ڈاکٹر منساسنگھ (پروفیسر یونیورسٹی آف کیلگری) — تقریر بعنوان "سکھ ازم"

تعارف کے بعد صدر جلسہ چوہدری صاحب کرسی صدارت پر رونق افروز ہوئے اور جلسہ کی کاروائی کا اعلان فرمایا۔ ابتداء تلاوت قرآن کریم سے ہوئی۔ خاکسار نے قرآن کریم کی چند آیات اور ان کا انگلش ترجمہ سنایا۔ اس کے بعد راجہ باسط احمد صاحب (پریزیڈنٹ جماعت احمدیہ کیلگری) نے حضرت امیرالمومنین کا وہ برقی پیغام پڑھ کر سنایا جو حضور نے اس موقعہ کے لئے ارسال فرمایا تھا جس میں

حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے جلسہ کی کامیابی کے لئے دعا فرمائی تھی۔ اس کے معاً بعد راجہ باسط صاحب نے صاحب صدر (چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب) کا مختصراً تعارف کرایا۔ پھر مقررین نے اپنے موضوع پر باری باری تقاریر کیں۔ سب سے پہلے ڈاکٹر فریڈمین آئے جنہوں نے "جیوازم" پر تقریر کی۔ آپ نے بتایا کہ بعض لوگ خیال کرتے ہیں کہ جیوازم کے بانی حضرت موسیٰؑ تھے۔ انہوں نے کہا یہ بالکل غلط ہے۔ حقیقتاً جیوازم کے بانی حضرت ابراہیمؑ تھے۔ گو اس میں شک نہیں کہ جیوازم کے لئے حضرت موسیٰؑ کو بہت کچھ کرنا پڑا مگر وہ اس کے جدامجد میں ہیں۔

ان کی بیس منٹ کی تقریر کے بعد صاحب صدر نے ڈاکٹر پیٹر کریگ سے عیسائیت پر تقریر کے لئے درخواست کی (ڈاکٹر صاحب موصوف یونیورسٹی آف کیلگری میں ڈین کے عہدہ پر فائز ہیں۔ گزشتہ مارچ ۷۹ء میں کیلگری جماعت نے جلسہ سیرت النبی منایا تھا۔ اس میں ڈاکٹر صاحب نے آنحضرتؐ کی سیرت پر تقریر کی تھی) ڈاکٹر صاحب نے حاضرین جلسہ کو مبارکباد دی اور فرمایا کہ جماعت احمدیہ نے بڑا احسن قدم اٹھایا ہے کہ اس جلسہ کی طرح ڈالی اور یہ کہ اس جلسہ کی صدارت ایک ایسے عالم و فاضل کی زیر نگرانی ہے جس نے دنیا کے انسانیت کے لئے بہت کچھ کیا۔ میں اس موقعہ پر یونیورسٹی آف کیلگری اور خود اپنی طرف سے محترم چوہدری صاحب کو خوش آمدید کہتا ہوں۔ اس کے بعد ڈاکٹر صاحب نے عیسائیت کے موضوع پر تقریر کی جو بیس منٹ تک جاری رہی۔

ہندوازم پر ڈاکٹر سود کی تقریر تھی جس میں انہوں نے ہندوازم اور کرشنا کے بارے میں روشنی ڈالی۔ ان کی تقریر ختم ہونے پر چائے کا وقفہ تھا۔ اس دوران حاضرین جلسہ نے ریفریشمنٹ کے علاوہ اس نمائش کو دیکھا جو کہ جماعت کیلگری نے سلسلہ احمدیہ کے شائع کردہ مختلف قرآن کریم کے تراجم۔ احادیث اور دیگر کتب حضرت مسیح موعودؑ میزوں پر لگائی تھی۔ بعد از وقفہ اسلام کی نمائندگی کے مقرر مولانا عطاء اللہ کلیم آئے۔ آپ نے نہایت مؤثر انداز میں تقریر کی۔ سب نے یہی کہا کہ مولانا صاحب کا انداز بیان، آنحضرتؐ کی حیاۃ طیبہ کے بارے میں فرمان نہایت روح پرور ہے پانچویں تقریر ڈاکٹر لیزلی کواموا کی تھی جس میں انہوں نے بدھمت اور بدھا کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ چھٹی اور آخری تقریر ڈاکٹر منسا سنگھ کی تھی جو سکھ ازم اور بابا گورونانک کے حالات زندگی کے متعلق تھی۔

جلسے کی مختلف تقاریر کا پہلا مرحلہ بخیریت تمام ہوا ۔ پھر سوال وجواب کا سلسلہ شروع ہوا مقررین سٹیج پر آئے اور بالترتیب اپنے حصہ سے مختلف سوالات کا جواب دیا ۔ سب سے دلچسپ وہ موقعہ تھا جب محترم مولانا عطاء اللہ کلیم ڈائس پر تشریف لائے ۔ کسی نے ختم نبوت کے بارے میں سوال دریافت کیا ۔ ابھی سوال ختم ہوا تھا کہ جواب کی ذمہ واری چوہدری صاحب نے خود اپنے ذمہ لے لی اس کے بعد کئی سوال ختم نبوت اور صداقت حضرت مسیح موعودؑ پر ہوئے ۔ سب کے جوابات چوہدری صاحب نے خود دیئے ۔ قرآن، احادیث اور بزرگان دین کے اقوال کی روشنی میں چوہدری صاحب کا انداز بیان نہایت مؤثر اور مدلل تھا ۔ جلسے کی ساری کارروائی کو جو لگ بھگ پانچ گھنٹہ کی تھی TV والوں نے ریکارڈ کیا ۔ جلسہ کے اختتام پر لبرل پارٹی کے پراونشل لیڈر مسٹر نک ٹیلر نے محترم چوہدری صاحب سے ہال میں ملاقات کی

۱۷ اکتوبر ۱۹۷۹ء کی صبح ۱۰ بجے محترم چوہدری صاحب کی کیلگری شہر کے میئر مسٹر راس الجر سے ملاقات تھی اس موقعہ پر میئر نے معزز مہمانوں والی کتاب نکالی اور چوہدری صاحب سے درخواست کی کہ آپ بھی اس میں اپنے دستخط ثبت فرمائیں ۔ چوہدری صاحب نے دستخط کئے ۔ دوپہر چوہدری صاحب کی یونیورسٹی میں اسلام اور اس کا پیغام پر تقریر تھی ۔ ڈاکٹر مکریڈی نے استقبال کیا اور خوش آمدید کہا ۔ اخبار اور TV والے بھی پہنچ چکے تھے ۔ چوہدری صاحب نے ایک گھنٹہ تک ارکان اسلام، اسلام کی جامع تعلیم اور دیگر ضروری امور پر روشنی ڈالی ۔ جس کے بعد سوال وجواب کا موقعہ دیا گیا اور چوہدری صاحب نے قرآن اور حدیث کی رو سے مدلل جوابات دیئے ۔ اس روز دو مرتبہ شام ۶ بجے اور ۱۱ بجے کی خبروں میں TV پر یہ پروگرام دکھایا گیا ۔ ایک غیر از جماعت دوست ڈاکٹر خالد عزیز صاحب کی بیگم صاحبہ نے (جس کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے) برملا کہا کہ آپ واقعی اسلام اور ملک کے نمائندے ہیں اور چوہدری صاحب کی تعریف میں بہت کچھ کہا ۔ اس لیکچر میں مسجد کے مصری امام مسلم ایسوسی ایشن کے مصری صدر اور سیکرٹری نے بھی شرکت کی اور کیلگری یونیورسٹی کے پروفیسرز اور طلباء بھی شریک ہوئے

اسی روز شام کے وقت محترم چوہدری صاحب کا افراد جماعت کیلگری سے خطاب تھا اس موقعہ پر کلو جھمیا کا پروگرام رکھا گیا ۔ ظہر اور عصر کی نمازوں کی ادائیگی کے بعد احباب جماعت چوہدری صاحب کے ساتھ رہے اور کافی دیر تک ایمان افروز گفتگو جاری رہی ۔

۱۸ اکتوبر ۱۹۷۹ء بروز جمعرات کیلگری یونیورسٹی کے شعبہ پولیٹیکل سائنس میں چوہدری صاحب کی
تقریر بعنوان " انٹرنیشنل کورٹ اور اس کا طریق کار " تھی - جہاں شعبہ کے ہیڈ نے آپ کا استقبال
کیا اور طلباء سے آپ کا تعارف کرایا اور آپ کے احوال زندگی پر روشنی ڈالی - اس کے بعد آپ نے ایک گھنٹہ تک تقریر
کی - سوال و جواب ہوئے اور یہ تقریب اختتام پذیر ہوئی - آپ کے اعزاز میں شعبہ پولیٹیکل سائنس کے ہیڈ
ڈاکٹر بیرل نے دوپہر کے کھانے کا انتظام کیا ہوا تھا جس میں چوہدری صاحب کے علاوہ چند ایک اور دوستوں
نے بھی شرکت کی - شام کے وقت ڈاکٹر منساسنگو صاحب معہ اپنی بیگم صاحبہ چوہدری صاحب کی قیام گاہ پر
تشریف لائے - انہوں نے چوہدری صاحب سے ذاتی ملاقات کے لئے وقت لیا ہوا تھا - چوہدری صاحب اور ڈاکٹر صاحب
کے درمیان زیادہ تر اسلام اور احمدیت کے بارے میں گفتگو رہی اور ہمیں ہدایت فرمائی کہ ان صاحبان
کو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی اردو کتب دی جائیں -
۶½ بجے ہماری نو مسلمہ بہن عائشہ مرزا سے محترم چوہدری صاحب کی ملاقات اسلام و احمدیت
کے بارے میں ہوئی محترمہ عائشہ مرزا نے پچھلے سال بیعت کی تھی - انہوں نے مذہب میں BA کیا ہوا ہے
شام ۸ بجے مقامی ہوٹل میں جماعت کیلگری کی طرف سے چوہدری صاحب کے اعزاز میں عشائیہ تھا
احباب جماعت اور دیگر مہمان ہوٹل پہنچے - کیلگری کے میئر مسٹر راس الجر اور ایلڈرمین بھی آئے ہوئے تھے
جلسہ کے مقررین ، پاکستان ایسوسی ایشن کے پریزیڈنٹ ، ہندو ، سکھ اور دیگر مسلمانوں
کے نمائندگان کی بھی خاصی تعداد تھی -
۱۹ اکتوبر ۱۹۷۹ء کو آپ کی روانگی تھی - دوست آپ کی رہائش گاہ پر جمع ہوئے - محترم چوہدری صاحب کے
ساتھ احباب جماعت کا گروپ فوٹو ہوا - جس کے بعد چوہدری صاحب ایئرپورٹ روانہ ہوئے جہاں آپ
نے اجتماعی دعا کرائی ، تمام احباب جماعت سے مصافحہ فرمایا اور جہاز کینیڈا روانہ ہو گئے
چوہدری صاحب کے قیام کے دوران دوستوں میں ایک نیا ولولہ اور نئی روح پیدا ہوئی اور اس مبارک وجود کو قریب
سے دیکھنے کا موقعہ ملا - حقیقت یہ ہے کہ آپ کی روانگی کے وقت بہت سے دل مغموم تھے ان کی خواہش تھی کہ ایسا وجود
ان کے پاس ہمیشہ رہے - اس موقعہ پر افراد جماعت کیلگری نے بہت تندہی سے کام کیا - اللہ تعالیٰ ان سب کو جزائے خیر
دے - جماعت کیلگری ان دوستوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہے جو اپنا [قیمتی] وقت نکال کر جلسہ کی برکات سے فائدہ اٹھانے
کے لئے یہاں تشریف لائے - فالحمد للہ علیٰ ذالک والسلام

خاکسار عبدالباری احمدی
قائمقام جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ کیلگری

احوالِ کینیڈا

ایک تبلیغی جلسہ

مکرم و محترم مصطفیٰ ثابت صاحب کی کوششوں سے دسمبر کے پہلے اتوار کو عیسائیوں کے موحد فرقہ کرسٹاڈلفین (Christade.phiano) کے ایک عالم Mr Ed Lindeblade کو دعوت دی گئی کہ وہ ہمارے جلسہ میں آکر تقریر فرماویں۔ ہمارے اس معزز مہمان نے اپنی تقریر میں اس بات پر زور دیا کہ ان کا فرقہ عیسائیوں کے موجودہ تبدیل شدہ عقائد سے نفرت کرتا اور عیسائیوں کی ابتدائی اصلی تعلیم پر عمل پیرا ہے اور اسوجہ سے توحید کا قائل ہے۔ احمدی مردوں اور عورتوں نے اس ایک گھنٹہ کی تقریر کو پوری دلچسپی اور توجہ سے سُنا اور تقریباً ایک گھنٹہ کے وقفۂ سوالات میں تحریری طور پر متعدد سوالات مقرّر سے پُوچھے۔ اگرچہ معزز مہمان نے جملہ سوالات کے جوابات دینے کی کوشش کی پھر بھی قلتِ وقت کی وجہ سے بعض سوالات تشنۂ جواب رہے۔ تقریر اور جوابات کے درمیان وقفہ میں احباب کی خدمت میں چائے بسکٹ اور سموسے پیش کئے گئے۔

پیغام تہنیت

محترم ڈاکٹر عبد السلام صاحب کے نوبل پرائز حاصل کرنے پر ہماری جماعت مانٹریال نے درج ذیل تہنیتی تار کے ذریعہ ان کی خدمت میں اپنے جذبات کا اظہار کیا:-

Prof Dr Abd-us-Salam, 8 Campion Road, LONDON, SW-15 (ENGLAND)

Heartist congratulations on the NOBEL Award. May Allah always shower his choicest blessings on you.

Secretary Jamaat Ahmadiyya
Montreal Chapter (Canada)

مراکزِ نماز

ہماری مختلف جماعتوں میں مندرجہ ذیل دوستوں کے گھروں پر نماز کے ہفتہ وار مراکز قائم ہیں۔ ان جماعتوں کے دوست زیادہ سے زیادہ نمازوں اور درس میں شامل ہونے کی کوشش کریں:-

منور احمد صاحب - سکاربو - ٹورنٹو
سیّد شریف احمد صاحب - "
شیخ نثار احمد صاحب - "
احمدیہ مشن ہاؤس ٹورنٹو
احمدیہ مشن ہاؤس کیلگری
کرنل محمد سعید صاحب مانٹریال
ڈاکٹر اعجاز احمد صاحب قمر ونی پیگ
آغا لطف المنان صاحب سینٹ کیتھرین
چوہدری نصر اللہ صاحب وینکوور
ادریس شاہین صاحب "
چوہدری مقبول احمد صاحب ایڈمنٹن
ڈاکٹر محمد عبد اللہ صاحب کچنر (برینٹ فورڈ)

تقسیم قرآن کریم کا عظیم منصوبہ

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی تحریک پر مجلس عاملہ مرکزیہ کینیڈا نے اپنے خصوصی اجلاس میں تقسیم قرآن کے سلسلہ میں ایک سکیم پر عمل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلہ میں نیشنل پریذیڈنٹ صاحب نے ہر ایک احمدی کے نام خط لکھا ہے کہ وہ شمالی امریکہ میں دس لاکھ تراجم قرآن کی تقسیم کے متعلق حضور کی تحریک پر لبیک کہتے ہوئے وعدہ کریں کہ کتنی کاپیاں خرید کر تقسیم کریں گے۔ صدر صاحبان سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ وہ اس سلسلہ میں اپنے ممبران کے وعدوں کی فہرست ۱۵ دسمبر تک بھجوادیں۔ اس کے بعد صدر صاحبان کی میٹنگ اس عظیم منصوبہ کو کامیاب بنانے کیلئے مزید تجاویز پر غور کرنے کیلئے جلد بلائی جائیگی۔

تحریکِ جدید کا نیا سال

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تحریک جدید کے نئے سال (یکم نومبر ۷۹ء تا ۳۱ اکتوبر ۸۰ء) کا اعلان فرماتے ہوئے ہمارے لئے اس سال ۱۵ لاکھ روپے (تقریباً ۲ لاکھ ڈالر) کا ٹارگٹ مقرر فرمایا ہے۔

حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کے ارشاد کے پیش نظر کمانے والے

پروگرام جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ

۱۳۴۸ ہجری شمسی مطابق ۱۹۶۹ء

پہلا دن ۲۶ / فتح ۱۳۴۸ ہش / ۲۶ / دسمبر ۱۹۶۹ء بروز بدھ

اجلاس اول

وقت	پروگرام	مقرر
[illegible]	تلاوت قرآن کریم ونظم	
۱۰-۰۰ تا ۱۰-۱۵	افتتاحی خطاب سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ بنصرہ العزیز	
۱۰-۱۵ تا ۱۱-۰۰	قدرت سے اپنی ذات کا دیتا ہے حق ثبوت	مکرم مولوی عبد المالک خان صاحب
۱۱-۰۰ تا ۱۱-۴۵	غزوات النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خلق عظیم -	مکرم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب
۱۱-۴۵ تا ۱۲-۰۰	وقفہ اعلانات	
۱۲-۰۰ تا ۱-۳۰	وقفہ برائے تیاری نماز ظہر وعصر	
۱-۳۰ تا ۲-۰۰	نماز ظہر وعصر	

اجلاس دوم

وقت	پروگرام	مقرر
۲-۰۰ تا ۲-۱۵	تلاوت قرآن مجید ونظم	
۲-۱۵ تا ۳-۰۰	حضرت مسیح ناصری علیہ السلام کو صلیبی موت سے بچانا، لنڈن کانفرنس اور اس کے عالمگیر اثرات	مکرم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب
۳-۰۰ تا ۳-۴۵	فلسفۂ زکوٰۃ	مکرم ملک سیف الرحمٰن صاحب
۳-۴۵ تا ۴-۳۰	باغ احمدیت کے روحانی طیور اکناف عالم میں	مکرم مولوی نذیر احمد صاحب مبشر

دوسرا دن ۲۷ / فتح ۱۳۴۸ ہش / ۲۷ / دسمبر ۱۹۶۹ء بروز جمعرات

اجلاس اول

وقت	پروگرام	مقرر
۹-۱۵ تا ۹-۳۰	تلاوت قرآن کریم ونظم	
۹-۳۰ تا ۱۰-۱۵	آیت خاتم النبیین کا مفہوم آیہ کریمہ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ کی روشنی میں	مکرم مولوی محمد شفیع صاحب اشرف مربی سلسلہ
۱۰-۱۵ تا ۱۱-۰۰	حضرت مسیح موعود کا علمی اعجاز	مکرم مولوی فضل الٰہی صاحب انوری
۱۱-۰۰ تا ۱۱-۴۵	سیرت حضرت خلیفۃ المسیح الاول رضی اللہ عنہ	مکرم چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب
۱۱-۴۵ تا ۱۲-۰۰	وقفہ برائے اعلانات	
۱۲-۰۰ تا ۱-۳۰	تیاری نماز	
۱-۳۰ تا ۲-۰۰	نماز ظہر وعصر	

اجلاس دوم

وقت	پروگرام	مقرر
۲-۰۰ تا ۲-۱۵	تلاوت قرآن کریم ونظم	
۲-۱۵	خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ بنصرہ العزیز	

تیسرا دن ۲۸ / فتح ۱۳۴۸ ہش / ۲۸ / دسمبر ۱۹۶۹ء بروز جمعۃ المبارک

اجلاس اول

وقت	پروگرام	مقرر
۹-۱۵ تا ۹-۳۰	تلاوت قرآن کریم ونظم	
۹-۳۰ تا ۱۰-۱۵	صداقت حضرت مسیح موعود علیہ السلام از روئے قرآن کریم	مکرم مولوی چراغ الدین صاحب
۱۰-۱۵ تا ۱۱-۰۰	ذکر حبیب	مکرم صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب
۱۱-۰۰ تا ۱۱-۴۵	جماعت احمدیہ کی ملی خدمات	مکرم مولوی دوست محمد صاحب شاہد
۱۱-۴۵ تا ۱۲-۰۰	وقفہ اعلانات	
۱۲-۰۰ تا ۱-۳۰	تیاری نماز جمعہ وعصر	
۱-۳۰ تا ۲-۰۰	نماز جمعہ وعصر	

اجلاس دوم

وقت	پروگرام	مقرر
۲-۰۰ تا ۲-۱۵	تلاوت قرآن کریم ونظم	
۲-۱۵	خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ بنصرہ العزیز	

لازمی چندہ جات اور سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام

ایک الہام

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے الہامات سے پتہ لگتا ہے کہ یہ کام آخر ہو کر رہے گا۔ اور کسی روک کی وجہ سے چاہے کتنی ہی بڑی ہو اس سے یہ کام رُک نہیں سکتا۔ آپ کا الہام یَنْصُرُکَ رِجَالٌ نُّوْحِیْۤ اِلَیْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ یعنی تیری امداد وہ لوگ کریں گے جن کی طرف ہم آسمان سے وحی نازل کریں گے پس مجھے روپیہ کی فکر نہیں۔ اللہ تعالےٰ خود ایسے آدمی لائے گا جن کے دلوں میں الہاماً وہ یہ تحریک پیدا کر دے گا کہ جاؤ اور چندے دو اس کے لئے مجھے کوئی گھبراہٹ نہیں۔ بلکہ میں سمجھتا ہوں اگر ہماری جماعت کا ایمان بڑھ جائے تو موجودہ سے چار گنا کیا اس سے بھی زیادہ دے سکتے ہیں۔ (ارشاد حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

بقیہ صفحہ ۱۰

مردوں اور عورتوں کو اپنی ماہانہ تنخواہ کا پانچواں حصہ بطور وعدہ کے لکھانا چاہیئے اسی طرح ہمارے موجودہ امام ایدہ اللہ تعالیٰ کی خواہش کو پورا کرنے کیلئے ہماری عورتوں اور بچوں کو بھی اسکیم میں وعدے لکھانے چاہیئں۔

جلسہ سالانہ مرکزیہ میں شامل ہونے والے خوش نصیب احمدی

مکرم مصطفےٰ ثابت صاحب (برمنگھم) حبیب الرحمٰن صاحب حافظ زادہ بمعہ اہل وعیال (براڈ فورڈ) مسز منور احمد صاحب بٹ (سکاربرو) والدہ عبد المنان صاحب قریشی (ہانسلو) مسز حامد سعید (ہانسلو) والدہ واہلیہ قاضی مبارک احمد صاحب۔ چوہدری محمد اکرم صاحب بمعہ اہل و عیال (ایڈمنٹن) چوہدری احسان الٰہی صاحب بمعہ اہل وعیال (سیکاٹون) چوہدری رحمت علی صاحب
چوہدری نعمت اللہ

نئی کتب

گزشتہ ماہ ہمیں تین نئی کتب موصول ہوئی ہیں ان کے نام اور قیمتیں درج ذیل ہیں:-

1. JESUS in India (by the Promised Messiah) Peace be on him
2. Consumption of Pork and Human diseases
3. Punishment of Apostacy in Islam

احباب انہیں خرید کر زیادہ سے زیادہ استفادہ کریں۔

دینی معلومات

ختم المرسلین حضرتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

س نمبر ۱۲۔ آپؐ کی پہلی وحی پر حضرت خدیجہؓ کا کیا ردِ عمل تھا ؟

ج۔ جب حضورؐ غارِ حرا سے لوٹے تو آپؐ نے گھبراہٹ کے عالم میں حضرت خدیجہؓ کو سارا واقعہ سُنایا اور فرمایا کہ مجھے تو اپنے نفس کے متعلق ڈر پیدا ہو گیا ہے۔ مگر حضرت خدیجہؓ نے آپؐ کی تصدیق کرتے ہوئے کہا۔ كَلَّا وَاللّٰهِ مَا يُخْزِيْكَ اللّٰهُ اَبَدًا اِنَّكَ لَتَصِلُ الرَّحِمَ وَتَحْمِلُ الْكَلَّ وَتَكْسِبُ الْمَعْدُوْمَ وَتَقْرِى الضَّيْفَ وَتُعِيْنُ عَلٰى نَوَائِبِ الْحَقِّ۔ (بخاری باب بدء الوحی)

"نہیں نہیں، ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔ خدا کی قسم، اللہ آپ کو کبھی رسوا نہیں کرے گا۔ آپ صلہ رحمی کرتے ہیں اور لوگوں کے بوجھ بٹاتے ہیں اور معدوم اخلاق اپنے اندر جمع کئے ہوئے ہیں آپ مہمان نوازی کرتے ہیں اور تمام حوادث میں حق و صداقت کا ساتھ دیتے ہیں۔

س نمبر ۱۳۔ مردوں، عورتوں، بچوں، غلاموں، بادشاہوں، عیسائیوں، ایرانیوں اور رومیوں میں سے سب سے پہلے کون کون آپؐ پر ایمان لائے ؟

ج۔ مردوں میں سے حضرت ابوبکرؓ۔ عورتوں میں سے حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ۔ بچوں میں سے حضرت علیؓ۔ غلاموں میں سے حضرت زیدؓ بن حارثہ۔ بادشاہوں میں سے اصحمہ نجاشی شاہِ حبشہ۔ عیسائیوں میں سے ورقہ بن نوفل۔ ایرانیوں میں سے حضرت سلمانؓ فارسی۔ رومیوں میں سے حضرت صہیبؓ رومی سب سے پہلے مسلمان ہوئے۔

س نمبر ۱۴۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کن بادشاہوں کے نام تبلیغی خطوط لکھے ؟

ج۔ (۱) ہرقل قیصرِ روم (۲) خسرو پرویز کسریٰ ایران (۳) اصحمہ نجاشی شاہِ حبشہ (۴) مقوقس شاہِ مصر (۵) حارث بن ابی شمر رئیس غسان (۶) ہودہ بن علی رئیس یمامہ (۷) منذر تیمی رئیس بحرین۔

س نمبر ۱۵۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی شعر لکھیں۔

ج۔ اَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ ۔ اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ ۔

س نمبر ۱۶۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال کب اور کس عمر میں ہوا ؟ آپؐ کا روضۂ مبارکہ کہاں ہے ؟

ج۔ آپؐ ۲۶ رمئی ۶۳۲ء بمطابق یکم ربیع الاوّل ۱۱ھ کو ۶۳ سال کی عمر میں رفیق اعلیٰ سے جا ملے۔ آپؐ مدینہ منورہ میں حضرت عائشہؓ کے حجرۂ مبارکہ میں دفن ہیں۔

س نمبر ۱۷۔ آپؐ کے وصال پر حضرت حسانؓ بن ثابت نے جو شعر کہے تھے لکھیں۔

ج۔ كُنْتَ السَّوَادَ لِنَاظِرِيْ ❊ فَعَمِيَ عَلَيْكَ النَّاظِرُ
مَنْ شَاءَ بَعْدَكَ فَلْيَمُتْ ❊ فَعَلَيْكَ كُنْتُ اُحَاذِرُ

کہ اے میرے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم آپ تو میری آنکھ کی پتلی تھے پس آپؐ کی وفات سے میری آنکھ اندھی ہو گئی۔ آپ کے بعد جو چاہے مرے میں تو آپ کی موت سے ہی ڈرتا تھا۔

نئے وعدہ جات برائے صد سالہ جوبلی فنڈ

۱۔	سید شریف احمد صاحب (ٹورنٹو)	2700/-	ڈالرز
۲۔	سید منصور احمد صاحب بشیر "	500/-	"
۳۔	داؤد احمد صاحب "	2500/-	"
۴۔	اہلیہ صاحبہ داؤد احمد صاحب "	2500/-	"
۵۔	چوہدری محمد افضل صاحب (مانٹریال)	1000/-	"
۶۔	چوہدری عبدالمجید صاحب "	100/-	"
۷۔	عزیز اللہ صاحب "	1500/-	"
۸۔	اسامہ سعید صاحب "	5000/-	"
۹۔	حبیب اللہ صاحب طارق (اٹاوہ)	10,000/-	"
۱۰۔	بشیر احمد صاحب (کیلگری)	5000/-	"
۱۱۔	چوہدری الیاس احمد صاحب "	50,000/-	"

نیشنل سیکرٹری صد سالہ جوبلی فنڈ

ننگے سر نماز پڑھنے کے متعلق خدا اور اس کے رسول کا فرمان

ایک عرب عالمِ دین سے دلچسپ گفتگو

مکرم الحاج مولوی محمد صدیق صاحب امرتسری ایم۔اے سابق امیر و مبلغ انچارج سیرالیون لائبیریا

اب سے تیس پینتیس سال قبل کا واقعہ ہے کہ جولائی ۱۹۳۶ء کے دوران ایک روز یہ خاکسار۔ اور مکرم چوہدری عبدالحق صاحب فاضل ننگل سابق مبلغ سیرالیون مسجد احمدیہ "بو" (سیرالیون) میں نماز مغرب پڑھ کر درس القرآن کے لئے احبابِ جماعت کے ساتھ بیٹھے تھے کہ موریتانیہ (وسطی افریقہ) کے ایک عرب عالمِ دین الحاج احمد شریف آئے اور مسجد میں داخل ہوئے اور بعد السلام علیکم نماز پڑھنے میں مصروف ہو گئے۔

مسیح موعودؑ کی بعثت کی اصل غرض

گو وہ انگریزی نہیں جانتے تھے تاہم اپنی نماز ختم کر کے درس قرآن کریم سنتے رہے درس کے اختتام پر ان سے دینی باتیں شروع ہو گئیں۔ اور ان کے بعض سوالات کے جواب میں خاکسار نے انہیں احمدیت کی حقیقت سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ ہم رسول اکرم محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے جلیل القدر فرزند اور خادم حضرت مرزا غلام احمد علیہ السلام کو مسیح موعود یقین کرتے ہیں۔ ان کا دعوٰے صرف یہ ہے کہ قرآن کریم کے مطابق حضرت مسیح ناصریؑ وفات پا چکے ہیں۔ اور وہ یعنی بانی جماعت احمدیہ وہی موعود مسیح محمدی ہیں۔ جن کی آخری زمانہ میں آمد کی پیشگوئی قرآن کریم اور احادیث میں موجود ہے۔ اور وہ اسی طرح کے غیر تشریعی اور تابع نبی ہیں جیسے کہ آپ کے عقیدہ کے مطابق حضرت مسیح ناصریؑ آسمان سے نزول کے وقت ہوں گے حضرت بانیٔ جماعت احمدیہ نے اپنی کوئی نئی امت نہیں بنائی اور نہ اب کوئی بنا سکتا ہے۔ بلکہ وہ خود اپنے مطاع حضرت خاتم النبیین محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے امتی ہیں اور محض اسلام کا بول بالا کرنے کے لئے مبعوث ہوئے ہیں۔

مسیح موعودؑ کا مقام رسولِ خدا کے نزدیک

اس پر وہ کہنے لگے حضرت مسیح ناصریؑ اس وقت آسمان پر تو بے شک نبی ہیں لیکن جب زمین پر نازل ہوں گے تو نبی نہیں بلکہ محض ولی ہوں گے۔ میں نے عرض کیا کہ ان کے نزول کی حدیثوں میں تو انہیں بار بار نبی اللہ کہا گیا ہے اور یُحْصَرُ نبی اللہ وغیرہ کے الفاظ ان کے لئے استعمال ہوئے ہیں۔ آپ انہیں نزول کے وقت محض ولی کیسے کہہ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ علمائے امت اور اولیائے کرام بھی لکھ گئے ہیں کہ امت کے موعود مسیح بحیثیت نبی آئیں گے۔ نہ کہ محض بحیثیت ولی چنانچہ علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ بھی بصراحت اسی عقیدے کا اظہار فرماتے ہیں۔ (حجج الکرامہ) اس کے بعد کچھ دیر ہمارے درمیان حیات و وفات مسیح ناصری علیہ السلام پر بحث ہوئی۔ جس میں وہ چند منٹوں میں ہی لاجواب ہو کر خاموش ہو گئے۔

ننگے سر کیوں نماز ادا کی؟

چونکہ انہوں نے اپنے لمبے لمبے بالوں کے ساتھ ننگے سر ہی مسجد میں نماز ادا کی تھی اور اس کے بعد ہمارے پاس بھی وہ ویسے ہی ننگے سر آ بیٹھے تھے۔ اس لئے ہماری جماعت کے بعض افریقن دوستوں نے ان سے دریافت کیا کہ آپ نے عالم دین ہوتے ہوئے بلا عذر ننگے سر نماز کیوں ادا کی ہے۔ جبکہ آپ کے پاس ٹوپی اور چادر وغیرہ بھی موجود ہے۔ انہوں نے فوراً جواب دیا کہ نماز میں سر ڈھانپنا کوئی شرعی مسئلہ نہیں ہے بلکہ یہ صرف مرضی کی بات ہے اور میرے نزدیک بالکل غیر ضروری ہے کیونکہ اس بارے میں کتاب و سنت میں کوئی واضح حکم موجود نہیں ہے اور اس حقیقت سے آپ کے احمدی عالم بھی بے خبر نہیں ہیں۔

بلا عذر ایسا کرنا نماز سے مذاق ہے

چونکہ ان کا یہ جواب درست نہیں تھا اور نہ صرف ہمارے بلکہ دوسرے مسلمان بھائیوں کے مسلک کے بھی خلاف تھا اس لئے اس عاجز نے ان کی بات کاٹ کر اسی وقت انہیں عرض کیا کہ میرے نزدیک نماز پڑھتے وقت سر ڈھانپنا ضروری ہے گو اس کے بغیر بھی نماز ہو سکتی ہے۔ یعنی جب کوئی مجبوری ہو یا سر ڈھانپنے کے لئے کوئی چیز یا کپڑا وغیرہ میسر نہ ہو۔ یہ نہیں کہ گھر سے عمداً ٹوپی یا کپڑا ہی مسجد نہ لائے اور نماز پڑھتے وقت سمجھ لیا کہ مجبوری ہے بلکہ نماز سے مذاق ہے پس بلا معقول وجہ ننگے سر نماز ادا کرنا نہایت معیوب اور مکروہ فعل تصور ہوگا نیز عمومی طور پر بھی سر ڈھانپنا اور ڈھانپ کر مجالس میں جانا ہمیشہ اسلامی معاشرے کا جزو قرار دیا گیا ہے۔ اور عزت و احترام کی علامت اور وقار کا معیار سمجھا گیا ہے۔

کیا صحابہؓ نے بلا عذر ننگے سر نماز ادا کی؟

میرا یہ جواب سنکر کہنے لگے میں آپ سے متفق نہیں ہوں۔ میں بھی عالم دین ہوں۔ میں نے یہ تو پڑھا ہے کہ صحابہ رضوان اللہ علیہم ننگے سر نماز پڑھا کرتے تھے۔ مگر یہ نہیں پڑھا کہ سر ڈھانپ کر بھی پڑھتے تھے۔ یا نماز میں سر ڈھانپنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ضروری قرار دیا تھا۔ میں نے عرض کیا آپ ٹھیک ہی کہتے ہوں گے۔ کیونکہ آپ کی نظر سے ایسے حقائق نہیں گزرے۔ ہمارے علم میں تو اس بارے میں حضرت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا نہایت واضح حکم موجود ہے کہ سر ڈھانپ کر نماز ادا کرنی چاہیئے۔

کتاب اللہ سے استدلال

نیز کتاب اللہ سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ نماز کے لئے مساجد میں جاتے وقت سر کو پگڑی ٹوپی یا کسی کپڑے سے ڈھانپ کر مزین کرنا نہایت ضروری ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ (اعراف)

کہ مسجد میں جاتے وقت اپنی زینت کے سامان اختیار کر لیا کرو۔

یعنی اللہ تعالیٰ کے سامنے حاضری کے وقت اپنا ظاہر و باطن اور روح و جسم پاک صاف اور ایسے بنا کر جاؤ کہ آپ ہر طرح خوبصورت حسین اور مزین معلوم ہوں گو تصنع اور نمائش کا رنگ نہیں۔ بلکہ سادگی بھی مد نظر رہے۔ اب ظاہر ہے کہ ایک ننگے سر والا انسان یہ نہیں کہہ سکتا کہ میں اپنے سارے جسم کی زینت اور خوبصورتی کا حتی الوسع پورا پورا سامان کر کے نماز کے لئے مسجد آیا ہوں۔ تمام مفسرین کے نزدیک اس آیت میں زینت سے مراد لباس ہے۔ اور یہ بھی ایک ناقابل انکار حقیقت ہے کہ پگڑی ٹوپی رومال یا کوئی اور پہننے کی چیز نماز کے وقت سر پر ڈالنا یا لپیٹنا ننگے سر رہنے کی نسبت زیادہ خوبصورت زیادہ باوقار اور باعزت لگتا ہے۔ نیز یہ بھی نہیں بھولنا چاہیئے کہ اس آیت کے پیش نظر حضرت شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام مسجد میں ننگے سر نہیں آیا کرتے تھے۔ پس ننگے سر مسجد میں حاضر ہونے والا اور ننگے سر نماز پڑھنے والا شخص یہ دعوٰے نہیں کر سکتا۔ کہ میں نے خدا کے گھر جانے یا خدا کے سامنے حاضری سے پہلے اپنے تمام جسم کی زینت اور حسن ظاہری کا حسب استطاعت پورا پورا خیال کر لیا تھا بلکہ اس کا یہ فعل مذکورہ بالا آیت کی خلاف ورزی اور سنت نبوی سے بے اتفاقی اور لاپرواہی کا مظاہرہ ہوگا۔ کیونکہ

خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ

کے ارشاد کی صریح طور پر تعمیل کرنے سے وہ قاصر رہا ہوگا۔ یہ الگ بات ہے اور قابل درگزر ہے کہ غربت۔ بیماری یا کسی اور مجبوری کی وجہ سے کسی مسلمان کو ننگے سر ہی مسجد میں جانا یا خدا کے حضور حاضر ہونا پڑ جائے

رسولِ خدا کا واضح حکم

اس کے بعد خاکسار نے انہیں عرض کیا کہ اگر آپ اس وقت ہمارے ساتھ احمدیہ دارالتبلیغ میں تشریف لے چلیں تو وہاں پر لائبریری سے ہم آپ کو اپنے موقف کی تائید میں حدیث نبوی بھی دکھا سکتے ہیں۔ بلکہ ہم پسند کریں گے کہ آج آپ ہمیں اپنی مہمانی کا شرف عطا کریں۔ اور یہ رات ہمارے ساتھ ہی گزاریں تا کہ بے تکلفی سے برادرانہ طور پر باہم تبادلۂ خیالات ہو سکے اور غلط فہمیاں دور ہو جائیں۔ چنانچہ ہماری پیشکش پر انہوں نے وہ رات ہمارے ساتھ احمدیہ دارالتبلیغ

ر گزاری۔ جہاں پر خاکسار نے حدیث کی مشہور کتاب "کشف الغمۃ عن جمیع الامۃ" سے مندرجہ ذیل حدیث اس مسئلہ پر انہیں دکھائی۔

کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یامر بستر الرأس فی الصلاۃ بالعمامۃ او القلنسوۃ وینھی عن کشف الرأس فی الصلاۃ وکان یقول اذا اتیتم المساجد فاتوھا معتصبین والعصابۃ ھی العمامۃ ۔

(جلد ۱ صفحہ ۱۵۵)

کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم صحابہ کرامؓ کو نماز کے دوران پگڑی یا ٹوپی پہننے کا حکم فرمایا کرتے تھے۔ نیز فرمایا کرتے تھے کہ جب تم مسجدوں میں نماز کے لئے آؤ تو سر پہ کچھ لپیٹ کر یعنی پگڑی کی طرح کچھ باندھ کر آیا کرو۔

غلط طریق کی ممانعت

اسی طرح خاکسار نے ان پر یہ بھی واضح کیا کہ سر پر کپڑا باندھنے سے یہ مراد نہیں کہ رومال کی طرح کوئی چھوٹا سا کپڑا سر کے گرد لپیٹ لیا جائے۔ در آنحالیکہ سر کا وسطی حصہ ننگا رہے بلکہ پورا سر ڈھانپنا مراد ہے۔ چنانچہ کتاب نورالایضاح میں لکھا ہے

ویکرہ للمصلی الاعتجار وھو شد الراس بالمندیل و ترک وسطھا مکشوفاً او مکشوف الراس۔

یعنی نماز میں سر کے گرد رومال کا سا کپڑا ایسے طور پر باندھ لینا کہ سر کا وسطی حصہ ننگا رہے یا سر کو بالکل ننگا رکھنا دونوں صورتیں معیوب ہیں۔"

(صفحہ ۱ و صفحہ ۱)

چنانچہ مندرجہ بالا دونوں حوالے مل او بستہ کتب میں دیکھ کر وہ عرب بھائی حیران رہ گئے اور کہنے لگے آپ نے بالکل درست فرمایا ہے اور اس مسئلہ میں آپ کا موقف درست ہے۔ جب یہ حضرت سرور کائنات شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام کا حکم ہے تو ہمیں بہرحال سر ڈھانپ کر نماز پڑھنی چاہیئے اس کے بعد وہ تقریباً ایک سال سیرالیون میں رہے اگرچہ احمدی نہ ہوئے لیکن احمدیت سے حسن ظنی رکھتے رہے۔ اور دوسرے عرب علماء کو بھی ہماری مخالفت کرنے سے باز رکھتے رہے اور کہا کرتے تھے کہ یہ احمدی عالم لوگ حقیقی معنوں میں مجاہدین اسلام ہیں۔ ان کی ہر مسلمان کو مدد کرنی چاہیئے۔ نیز کبھی کبھی مسجد میں آ کر ہمارے ساتھ سر ڈھانپ کر نماز بھی پڑھتے رہے۔ وفات مسیح اور ہمارے اکثر معتقدات کی صداقت کے معترف ہو گئے تھے۔ گو شاید اپنے خاندان یا ملک کے لوگوں کی مخالفت کے خوف سے حضرت امام مہدی علیہ السلام کی جماعت میں داخل نہ ہو سکے تاہم میرے سامنے علیحدگی میں کئی بار انہوں نے کہا کہ میں اعتراف کرتا ہوں کہ امام مہدی کے ظہور کا زمانہ یہی ہے۔ اور آپ کی جماعت کے بانی علیہ السلام یقیناً سچے مہدی ہیں اور میں دل میں انہیں اپنا امام تسلیم کر چکا ہوں مجھے بیعت پر مجبور نہ کریں

حضرت مصلح موعودؓ کا فرمان

ننگے سر نماز پڑھنے کے متعلق سیدنا حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ

"ایسی صورت میں ننگے سر نماز پڑھنا غلط ہے جبکہ سر ڈھانپنے کے لئے کوئی کپڑا وغیرہ مل سکے۔ کئی صحابہؓ ننگے سر نماز پڑھتے تھے۔ مگر ان کے پاس سر ڈھانپنے کے لئے کپڑا نہیں ہوتا تھا"

(الفضل ۱۰ راکتوبر ۱۹۲۶ء)

مذکورہ بالا تبلیغی واقعات کے سلسلہ میں قارئین الفضل کی اطلاع کے لئے عرض ہے کہ اس خاکسار خادم سلسلہ نے بعض بزرگوں اور دوستوں کی خواہش کے مطابق اپنی گزشتہ چالیس سالہ تبلیغی زندگی کے دلچسپ حالات اور ایمان افروز واقعات کتابی صورت میں مرتب کر لئے ہیں۔ اور اس چند صد صفحات پر مشتمل کتاب پر نظر ثانی کر کے نظارت تصنیف نے اس کی طباعت اور اشاعت کی منظوری بھی عطا کر دی ہے۔ اس میں آٹھ دس دوسرے سینئر مبلغین کرام کے حالات اور دلچسپ واقعات بھی شامل ہیں بیرونی ممالک کے احمدی احباب کی روح پرور خوابیں بھی اس میں درج ہیں۔ لیکن اس کتاب کی طباعت وغیرہ کے سلسلہ میں بعض مشکلات درپیش ہیں احباب سے درخواست ہے کہ ان مشکلات کی دوری کے لئے خاص دعا فرمائیں بہت شکریہ

(بشکریہ الفضل)

جماعت احمدیہ کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تعلیم

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:۔

"ہماری جماعت میں کوئی سوائے اس شخص کے داخل نہیں ہو سکتا جو دین اسلام میں داخل ہو اور کتاب اللہ اور سنت رسول صلے اللہ علیہ وسلم کا متبع ہو اور خدا اور اس کے رحیم وکریم رسول، حشر و نشر اور جنت و دوزخ پر ایمان لانے والا ہو اور وہ وعدہ کرے اور اقرار کرے کہ دین اسلام کے سوا کسی اور دین کی خواہش نہیں کریگا اور وہ خدا تعالےٰ کے دین جو دین فطرت ہے اور خدا کے کلام کی کتاب کو مضبوطی سے پکڑے ہوئے مریگا اور جو کچھ سنت اور قرآن کریم اور صحابہ کرامؓ کے اجماع سے ثابت ہے اس پر عمل کریگا اور جس شخص نے ان تینوں کو چھوڑ دیا اس نے اپنے نفس کو آگ میں ڈال دیا اور اس کا انجام ہلاکت اور تباہی ہو گا۔ پس اے بھائیو جان لو کہ ایمان عمل صالح اور تقویٰ کے بغیر متحقق نہیں ہوتا۔ جس نے عمل صالح کو جان بوجھ کر اور تکبر کی راہ سے چھوڑ دیا۔ اس کا ایمان حضرت کبریا کے نزدیک کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔

پس اے بھائیو اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور نیک اعمال کی طرف جلدی کرو اور موت سے قبل برائیوں سے پرہیز کرو تمہیں اس دنیا کی تازگی اور سرسبزی اور گھر کی چمک اور زینت دھوکہ نہ دے کہ یہ سراب ہے اور اس کا انجام ہلاکت ہے۔ اس کی شیرینی تلخی اور اس کا نفع خسارہ ہے اس کے مراتب پر صعود کرنیوالے نیزہ کے نشانہ کے مشابہ ہوتے ہیں۔ اور اس کی شان و شوکت میں رغبت کرنے والے کانٹوں سے زخمی ہونے والے کی مانند ہوتے ہیں جو اس دنیا کے مال کی طرف مائل ہوا وہ بھلائیوں کے خزانوں سے دور ہوا اور جو اس کے شراروں میں داخل ہوا وہ سیدھے راستہ سے نکل گیا دنیا کا نور تاریکی ہے اور اس کی مدد ظلم ہے۔ پس تم اس کی طرف بالکل ہی نہ جھک جاؤ۔ کیونکہ یہ اپنے تیراک کو بھی غرق کر دیتا ہے اور اس کی طلب نہ کرو اور اس کا طلب کرنیوالا دین سے فارغ ہو جاتا ہے بلکہ تم اسکو خادم دین کے مرتبہ پر رکھو۔ اس سے زیادہ تم اس بات پر طمع نہ کرو کہ تم بہت مالدار اور فراخ دست ہو جاؤ اور دین سے اپنے حصہ کو بھول نہ جاؤ کہ اس صورت میں شعاع کا ایک ذرہ بھی تمہیں عطا نہیں ہو گا اس دنیا نے تمہارے باپ دادوں کو کھا لیا ہے۔ پس وہ تمہیں تمہاری بیویوں اور تمہاری اولادوں کیسے چھوڑیگی۔ اپنے نفس کے کینہ کی وجہ سے کسی سے دشمنی نہ کرو اور اپنے نفوس کو ہر قسم کے کینوں سے پاک کرو اور اپنے عہدوں کو پختہ کرنیکے بعد مت توڑو اور اپنے نفس کو غلام بنا لینے کے بعد اپنے نفس کے غلام مت بنو اور خدا تعالیٰ کے ایسے بندے بن جاؤ کہ جب وہ قسم کھا لیں تو اس کی مخالفت نہیں کرتے۔ اگر موافقت اختیار کر لیں تو منافقت سے کام نہیں لیتے جب وہ کسی کو دوست بنا لیں تو اسے گالی نہیں دیتے اور تم مردود شیطان کی پیروی مت کرو۔ اور اپنے رب کریم کے نافرمان نہ بنو چاہیے تم دردناک عذاب کے ذریعہ مار دیئے جاؤ۔ خداوند کے سایہ سے بڑھ کر مطیع ہو جاؤ اور آب زلال سے زیادہ صاف بنو۔ ایک دوسرے کو زبان سے نہیں اپنے عمل سے نصیحت کرو اپنی زبان کی نگہداشت کرو اور دل کو پاک کرو اور جب کوئی باہم جھگڑا ہو تو اسے امام کے پاس لے جاؤ اور پھر جو وہ فیصلہ کرے اس پر راضی ہو جاؤ اور جھگڑا ختم کرو اگر تم اس پر راضی نہیں ہوتے تو تم دل سے نہیں زبان سے ایمان لاتے ہو۔ پس اس بات سے ڈرو کہ تمہارے اعمال نافرمانی کی وجہ سے حبط نہ ہو جائیں۔ بیدار ہو جاؤ اور ہدایت کے بعد گمراہ نہ بنو اپنے رب کے لئے ہو جاؤ اور دین کو دنیا پر مقدم رکھو اور ان لوگوں کی طرح مت بنو جو اللہ سے نہیں اس کے بندوں سے ڈرتے ہیں جو اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں اور جو خدا چاہتا ہے اسے بھول جاتے ہیں جو اس دنیا کے نزدیک معزز بننا چاہتے ہیں مگر وہ عزت عزت نہیں ذلت ہے۔" (ترجمہ از عربی مواہب الرحمٰن صفحہ ۹۹)

لازمی چندہ جات کی فرضیت اور اہمیت

خاکسار نے یہ محسوس کیا ہے کہ بعض افرادِ جماعت کو لازمی چندہ جات کی فرضیت اور اہمیت کا علم نہیں ہے اور بعض احباب اگرچہ لازمی چندہ جات کی فرضیت و اہمیت کو سمجھتے ہیں لیکن اپنی صحیح آمد پر لازمی چندہ جات کی باشرح ادائیگی کے اہم فریضہ کو نظر انداز کر رہے ہیں۔ جس کی وجہ سے ہمارے یہ بھائی ایک بہت بڑی نیکی سے محروم ہیں۔

مقامی صدر صاحبان اور سیکرٹریان مال کا فرض ہے کہ وہ بار بار اپنی اپنی جماعتوں کے جملہ احباب کو اس کی طرف توجہ دلائیں اور ہر موقعہ پر باقاعدہ اور باشرح چندہ ادا کرنے کی تلقین کرتے رہیں۔ تاکہ جماعت کا ہر فرد سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور خلفاء کرام کے مقرر کردہ معیار کے مطابق مالی قربانی میں حصہ لے کر اللہ تعالیٰ کے فضائل اور انعامات کا وارث بن سکے۔

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں۔

"اگر کوئی تم میں سے خدا سے محبت کر کے اس کی راہ میں مال خرچ کرے گا تو میں یقین رکھتا ہوں کہ اس کے مال میں بھی دوسروں کی نسبت زیادہ برکت دی جائے گی۔ کیونکہ مال خود بخود نہیں آتا ہے بلکہ خدا تعالیٰ کے ارادہ سے آتا ہے۔ پس جو شخص خدا کے لئے بعض حصہ مال کا چھوڑتا ہے وہ ضرور اسے پائے گا"

(تبلیغ رسالت جلد دہم صفحہ ۵۴)

اس نوٹ کے ذریعہ جملہ احباب جماعت (جو اپنے ذمہ لازمی چندہ جات کی ادائیگی میں باقاعدہ اور باشرح نہیں ہیں) کی خدمت میں درخواست ہے کہ وہ مقرر کردہ معیار کے مطابق مالی قربانیاں کر کے خدا تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی حاصل کرنے والے بنیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے رزق اور مال میں بہت برکت دے گا۔ انشاء اللہ۔ جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مندرجہ بالا ارشاد میں بشارت دی گئی ہے۔

سیکرٹری مال جماعتہائے احمدیہ کینیڈا

اعلان برائے لجنہ اماء اللہ کینیڈا

چند ماہ قبل دینی معلومات کا ایک نصاب مرکز کیطرف سے ہمیں ملا تھا۔ جو تمام لجنات کو بھجوا دیا گیا تھا۔۔۔ ساتھ ہی لکھا تھا کہ بہنیں اسکی تیاری کرتی رہیں۔ کسی وقت بھی اسکا امتحان ہو گا۔ لہذا اب تمام لجنات کیلئے یہ اعلان ہے کہ اسی نصاب کے نصف کا امتحان فروری کی میٹنگ پر ہوگا۔ اسلئے تمام بہنوں سے درخواست ہے کہ وہ اسکی تیاری کریں۔ نصف نصاب کا امتحان بعد میں ہوگا۔

بیرونی لجنات جیسے آٹوا۔ مانٹریال۔ وینکوور۔ کیلگری۔ برنیٹ فورڈ۔ بریملی کی بہنیں بھی تیاری کریں۔ انکے پرچے بھجوا دیئے جائیں گے۔ تاکہ وہ بھی اپنی فروری کی میٹنگ پر امتحان لیں۔ نصف نصاب مندرجہ ذیل ہوگا

- پہلے سیپارے کا پہلا نصف با ترجمہ — پہلے دس سیپاروں کے نام — سورۃ بقرہ کی پہلی آٹھ آیات
- درثمین کی نظم حمد رب العالمین کے آٹھ اشعار۔ — کتاب دعوۃ الامیر چونکہ کسی کے پاس نہیں (بقیہ صفحہ ۱۹ پر)

قطعات

چیر کر ذرّہ کا سائز ڈاکٹر عبدالسلام　　ہو گئے مقصد میں فائز ڈاکٹر عبدالسلام
نام روشن کر دیا دنیا میں پاکستان کا　　لے گئے نوبل پرائز ڈاکٹر عبدالسلام

ایک زندہ سعیٔ پیہم ڈاکٹر عبدالسلام　　نازو فخرِ نسلِ آدم ڈاکٹر عبدالسلام
رہ گئے حیرت زدہ سب ماہرینِ عقلیات　　پا گئے وہ رازِ ایٹم ڈاکٹر عبدالسلام

نازِ پاکستان و فخرِ عالمِ اسلام آج　　دے رہا ہے اب تو جکو ذرّہ جوہر بھی باج
یعنی وہ پہلا مسلماں ڈاکٹر عبدالسلام　　زیبِ سر نوبل پرائز کا ہوا ہے جس کے تاج

فہمِ عبدالسلام پر جس نے　　وا کئے ہیں دقائقُ الاشیاء =
ہے یہی وہ دُعاءِ الہامی　　"رَبِّ اَرِنِیْ حَقَائِقَ الْاَشْیَاءِ"[1]

(قیس مینائی نجیب آبادی۔ کراچی)

[1] : ۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی الہامی دُعا۔ تذکرہ (طبع دوم) ص ۴۲

ہر قصرِ وفا ایسے ہی تعمیر ہوا ہے

کچھ غم نہیں گر لائقِ تعزیر ہوا ہے　　دل جس سے قلعۂ عشق کا تسخیر ہوا ہے
مٹی پہ تڑپتا ہے پڑا سبطِ پیمبرؐ　　کس خون سے رنگینۂ شمشیر ہوا ہے
سینچا ہے شہیدوں نے لہو دے کے چمن کو　　ہر قصرِ وفا ایسے ہی تعمیر ہوا ہے
ہے مہر بلب بلبلِ شوریدہ چمن میں　　کیوں نالۂ غم آج گلو گیر ہوا ہے
رضوانِ خدا پر ہے نظر اُس کی ہمیشہ　　مومن کبھی آلام سے دلگیر ہوا ہے
ہر نقشِ حسیں اُبھرا ہے اُلفت کے قلم سے　　کس کس کا لہو شوخیٔ تصویر ہوا ہے

سر کر لیا ہر معرکہ ہمّت کے دھنی نے
جو پست ہے وہ شاکیٔ تقدیر ہوا ہے

(نصیر احمد خاں۔ ربوہ)

خاندانِ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ایک درخشندہ گوہر

محترم نواب محمد احمد خان صاحب وفات پاگئے۔ اِنّا لِلّٰہِ وَاِنّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ نے نمازِ جنازہ پڑھائی اور قبر پر دعا کروائی

ربوہ ۱۶؍نبوت؍نومبر۔ احبابِ جماعت کو نہایت رنج اور افسوس سے یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ خاندان حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ایک درخشندہ گوہر محترم نواب محمد احمد خان صاحب آج صبح ساڑھے چار بجے انتقال فرما گئے۔ اِنّا لِلّٰہِ وَاِنّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ آپ ۱۱ جولائی ۱۹۱۰ء کو پیدا ہوئے۔ آپ کی عمر ۶۹ سال تھی۔ محترم نواب صاحب مرحوم سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے سب سے بڑے نواسے، حضرت نواب محمد علی خان صاحب رضی اللہ عنہ اور حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ رضی اللہ عنہا کے صاحبزادے اور سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ کی حرم محترم حضرت سیدہ منصورہ بیگم صاحبہ کے برادرِ اکبر اور حضرت مرزا بشیر احمد صاحب رضی اللہ عنہ کے داماد تھے۔

نواب صاحب مرحوم کی وفات بعض مختصر علالت کے بعد ہوئی۔ آپ کو گزشتہ دو تین دن سے انفلوئنزا کی شکایت تھی تاہم طبیعت زیادہ خراب نہیں تھی۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مرحوم کی نمازِ جنازہ احاطہ بہشتی مقبرہ میں بعد نمازِ عصر شام ۴ بجے پڑھائی اور جنازہ کو کندھا دیا۔ ربوہ اور بیرونِ ربوہ کے ہزاروں افراد نے جنازہ میں شرکت کی۔ سوا چار بجے مرحوم کا تابوت لحد میں اتارا گیا اور پانچ بجنے میں پانچ منٹ پر حضور ایدہ اللہ نے بہشتی مقبرہ کی اندرونی چاردیواری میں تدفین مکمل ہونے پر دعا کروائی۔ قبر کی تیاری کے دوران حضور ایدہ اللہ وہاں موجود رہے۔ اس سے قبل ساڑھے تین بجے نواب صاحب مرحوم کا جنازہ ان کی رہائش گاہ سے لایا گیا تھا۔

محترم نواب صاحب مرحوم نے اپنی بیگم محترمہ صاحبزادی سیدہ امۃ الحمید بیگم صاحبہ کے علاوہ دو صاحبزادے اور ایک صاحبزادی یادگار چھوڑی ہیں۔ آپ کے بڑے صاحبزادے مکرم نواب حامد احمد خان صاحب امریکہ میں ہیں اور چھوٹے صاحبزادے مکرم نواب محمود احمد خان صاحب کراچی میں پی۔ آئی۔ اے میں کیپٹن ہیں۔ آپ کی صاحبزادی محترمہ راشدہ بیگم صاحبہ محترم سید امین احمد صاحب ابن حضرت ڈاکٹر میر محمد اسمٰعیل صاحب رضی اللہ عنہ کی بیگم صاحبہ ہیں۔

مرحوم نہایت نیک، صابر، دیندار اور خدا تعالیٰ اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے عشق اور محبت میں سرشار وجود تھے۔ آپ نے قادیان میں میک ورکس نامی ایک کارخانہ قائم کیا۔ نہایت دعاگو اور غریبوں کے نہایت ہمدرد اور غمگسار وجود تھے۔

بقیہ اعلان برائے لجنات

صرف ایک کتاب ہمارے پاس ہے اسلئے ہم اس میں سے دو تین سوال اور انکے جواب چھپوا کر سب لجنات کو بھیجیں گے۔

امید ہے کہ زیادہ سے زیادہ بہنیں اس امتحان میں شامل ہو کر عنداللہ ماجور ہوں گی۔

خاکسار عطیہ بیگم اہلیہ عطیق جان خان۔ صدر لجنہ کینیڈا۔

نوٹ میرا ایڈریس تبدیل ہوگیا ہے۔ نیا ایڈریس یہ ہے۔

372 DRIFTWOOD AVE. UNIT # 5
DOWNSVIEW, ONT. M3N 2P5